جناب شفیق الدین فاروقی

دارالعلوم کے شب وروز

دارالعلوم حقانیہ کا ریلیف سنٹر ملک میں انتہائی تباہ کن زلزلہ کے متاثرین کی امداد کے لئے حضرت مہتمم صاحب مدظلہ نے دارالعلوم میں حقانیہ ریلیف سنٹر قائم کیا' بزرگ اساتذہ کرام اور ناظمین نے خود ضلع نوشہرہ اور اطراف میں جا کر لوگوں کو امدادی سامان جمع کرنے کی ترغیب دی اور اسی دن سے اس کے خاطر خواہ نتائج سامنے آئے جو جو سامان جمع ہو جاتا ہے اسے دارالعلوم کے اساتذہ اور فضلاء کی نگرانی میں متاثرہ لوگوں تک پہونچا دیا جاتا ہے خود مولانا سمیع الحق صاحب نے زلزلہ کے فوراً بعد بالاکوٹ' مانسہرہ' بٹگرام' ایبٹ آباد' وغیرہ کا دورہ کیا اور ملکی اور بین الاقوامی سطح پر کوششوں میں مصروف ہیں اس کے ساتھ انہوں نے دارالعلوم حقانیہ کے ہزاروں فضلاء طلباء اور جمعیت علماء اسلام کے کارکنوں کو ملک میں ریلیف کے کاموں کی تلقین کی ہے زلزلہ کے فوراً بعد مولانا سمیع الحق نے اخبارات اور ٹی وی' چینلوں کے ذریعہ زلزلہ زدگان کے لئے دارالعلوم حقانیہ اور ملک کے دیگر ہزاروں مدارس کے عمارتوں میں پناہ دینے اور انہیں سہارا دینے کی پیشکش کی جسے دنیا میں بے حد سراہا گیا۔

سفارتکاروں کی دارالعلوم آمد دارالعلوم میں مختلف وفود کی آمد کا سلسلہ جاری رہتا ہے اسی سلسلے میں امریکی سفارت خانے کے پولیٹکل سفارتکار کینٹ میری اور پشاور قونصلیٹ کے مسٹر گوتھم اور جناب شہریار خان صاحب دارالعلوم آئے' انہوں نے حضرت مولانا سمیع الحق صاحب اور ایڈیٹر ''الحق'' مولانا راشد الحق سے بین الاقوامی حالات پر تبادلہ خیال اور دارالعلوم کے مختلف شعبہ جات کا معائنہ کیا۔ اسی طرح ایرانی قونصلر جنرل نے بھی حضرت مولانا سمیع الحق صاحب سے بہنوئی کی وفات پر تعزیت اور ملکی اور عالمی صورتحال پر تفصیلی ملاقات کی۔

فتاویٰ حقانیہ کی تیسری اشاعت دارالعلوم کے فتاویٰ کا چھ جلدوں پر مشتمل مجموعہ فتاویٰ حقانیہ نایاب ہو گیا تھا۔ اب اس کا تیسرا ایڈیشن شائع ہو گیا ہے اور مولانا سمیع الحق مدظلہ کے انٹرویوز کا مجموعہ ''صلیبی دہشت گردی اور عالم اسلام'' کا نیا ایڈیشن بھی بعض اضافوں کے ساتھ شائع ہو گیا ہے۔

دعائے مغفرت کی اپیل دارالعلوم اور جمعیت علماء اسلام کے نہایت سرگرم اور مخلص الحاج بشیر احمد زرگر کوٹ ادو کی اہلیہ محترمہ ۹/ رمضان جمعۃ المبارک انتقال فرما گئیں۔ مرحومہ عابدہ زاہدہ خاتون تھیں۔ پسماندگان میں چھ لڑکیاں اور محمد احمد مکی جیسا سرگرم مخلص بیٹا چھوڑا۔ ادارہ ان سے دلی تعزیت کرتا ہے۔

محترم سراج الاسلام صاحب کیلئے دعائے صحت کی اپیل صوبہ سرحد اور اکوڑہ خٹک کے نامور شاعر اور ادیب اور ماہنامہ ''الحق'' کے خصوصی معاون جناب سراج الاسلام صاحب ان دنوں علیل ہیں' ان کیلئے دعائے صحت کی اپیل ہے۔